## سوال

(956) نماز قصر کہاں کریں؟ ذاتی مکان میں عارضی رہائش گاہ میں

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک صاحب کی اصل رہائش یعنی ذاتی مکان کوٹ ادّو میں ہے۔ ملازمت پرانی چیچہ وطنی میں ہے۔ عارضی رہائش یہاں پرانی چیچہ وطنی میں ہے۔ یہ صاحب نماز قصر کہاں ادا کریں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

محترم رہائش اور جائے ملازمت میں نماز پوری ادا کریں۔ البتہ اثناء سفر (دورانِ سفر) میں قصر کر سکتے ہیں۔ مسئلہ ہذا پر تفصیلی گفتگو ''الاعتصام'' میں کئی دفعہ شائع ہو چکی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

**کتاب الصلوٰۃ : صفحہ : 785**

محدث فتویٰ